SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
MODEL PAPER
GRADE 8
URDU PART – B (Subjective Type)

[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks]

School : ______________________________

Tehsil : ______________________ **District:** ______________________

Student Name : ____________________ **Section :** ____________________

Roll Number : ____________________ **Date :** ____________________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:

۱۔جواب لکھنے کے لیے علیحدہ سے جوابی کاپی کا استعمال کریں اور اس کے اوپر بھی اپنے بارے میں معلومات دیں۔

۲۔غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں

۳۔ایک سوال ایک یا ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔

۴۔ جواب لکھنے کے لیے کالی/نیلی روشنائی کااستعمال کریں۔کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	حصہ ب(انشائیہ سوالات)	کل نمبر: 52

Result.pk

سوال نمبر 1: : درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔(کل نمبر 08)

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہوجائے

سوال نمبر 2: : درج ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں ۔ (کل نمبر08)

ہمارا وطن پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔اس کی سونا اگلتی زمین میں ہر طرح کی فصلیں پیدا ہوتی ہیں۔پاکستان کی سر زمین چار صوبوں پر مشتمل ہے۔ان صوبوں میں پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبرپختون خواہ ہیں۔صوبہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔بلوچستان کی سر زمین پھلوں کی پیداوار کے لحاظ سے مشہور ہے۔اس صوبے میں چیر ی اور بادام بھی وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔یہ صوبہ معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔اس کا دارالحکومت کوئٹہ ہے۔پنجاب کو پاکستان کا دل کہا جاتا ہے۔ لاہور پنجاب کا دارالحکومت ہے۔یہ شہر صدیوں سے علم و ثقافت کا مرکز ہے۔عظیم فلسفی شاعر علامہ محمد اقبالؒ اسی شہر میں مدفون ہیں۔سندھ کا دوسرا نام مہران ہے۔اس کا دارالحکومت کراچی ہے۔اس کو فتح کرنے کا سہرا محمد بن قاسم کے سر ہے۔صوبہ سندھ کا رقبہ زیادہ تر بنجر اور غیر آ باد ہے۔سندھ کے مشہور شہر حیدرآباد، سکھر، نواب شاہ اور میر پور خاص ہیں۔خیبر پختون خواہ کا پرانا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ ہے۔درۂ خیبر بھی اسی صوبے میں ہے۔سوات اور کاغان کی وادیاں اس صوبے کی زینت ہیں۔

سوالات:

1۔سونا اگلنے والی زمین سے کیا مراد ہے؟(02)

2۔علامہ اقبالؒ کا مزار کہاں واقع ہے؟(02)

3۔پاکستان کا سب سے زیادہ رقبہ کس صوبے میں ہے؟(02)

4۔سندھ کے مشہور شہر کون کون سے ہیں؟نام تحریر کیجیے؟(02)

سوال نمبر 3: : ٹاؤن کمیٹی کے چیئرمین کے نام محلے میں اینٹی ڈینگی سپرے کروانے کے لیے درخواست لکھیں ۔(کل نمبر08)

سوال نمبر 4: : دو دوستوں کے درمیان "علم کے فائدے" کے عنوان پر دس سطروں پر مشتمل مکالمہ لکھیں۔(کل نمبر10)

سوال نمبر 5: : نصیر ششم کلاس میں پڑھتا تھا۔وہ بہت محنتی اور ذہین تھا۔ وہ ہر سال کلاس میں اول پوزیشن پر آتا تھا۔اس بار بھی اس کی کلاس میں پوزیشن کے امکانات سب سے زیادہ تھے۔سکول میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہونا تھی۔تقریب میں سکول انتظامیہ نے جہاں دوسرے بچوں کے والدین کو مدعو کیا تھا، وہاں اس کے بڑے بھائی کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔لیکن اسی دن اس کے بڑے بھائی نے کھیتوں کو پانی دینا تھا۔اس کا بھائی پریشان تھا کہ وہ کھیتوں کو پانی دینے جائے یا سکول تقریب میں شامل ہو۔ اگر آپ نصیر کے بڑے بھائی ہوتے تو آپ کیا کرتے؟ اپنا عمل اور وجوہات آٹھ جملوں میں تحریر کریں۔(کل نمبر08)

سوال نمبر 6: : " کھیلوں کی اہمیت " کے عنوان پر تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (کل نمبر 10)

Result.pk